WASHINGTON Exposure Notifications

Washington Exposure Notifications (واشنگٹن سامنا ہونے کی اطلاعات) کیا ہے؟

Washington Exposure Notifications (جسے WA Notify (WA اطلاع) بھی کہا جاتا ہے) ایک نیا ٹول ہے جو اسمارٹ فونز کے ذریعے کام کرتا ہے اور کسی ذاتی معلومات کا اشتراک کیے بغیر صارفین کو آگاہ کرتا ہے کہ آیا ان کا کووڈ-19 سے ممکنہ سامنا ہوا ہے۔ یہ مکمل طور پر نجی ہے اور یہ آپ کی شناخت یا مقام کی معلومات نہیں رکھتا، اور نہ ہی ان کو ٹریک کرتا ہے۔

یہ کیسے کام کرتا ہے؟

جب آپ WA Notify کو چلاتے ہیں تو آپ کا فون آپ کے نزدیک موجود ایسے لوگوں کے فونز کے ساتھ بے ترتیب و گمنام کوڈز کا تبادلہ کرتا ہے، جن کے فونز میں WA Notify چل رہی ہو۔ یہ ایپ Bluetooth Low Energy (BLE) (بلیو ٹوتھ لو انرجی (BLE)) ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہوئے آپ کے متعلق کوئی معلومات ظاہر کیے بغیر ان گمنام کوڈز کا تبادلہ کرتی ہے۔ اگر پچھلے دو ہفتوں میں آپ WA Notify کے کسی ایسے صارف کے نزدیک رہے ہوں، جن کا بعد میں کووڈ-19 ٹیسٹ مثبت آ جائے اور وہ ایپ میں اپنا توثیقی کوڈ شامل کریں، تو آپ کو ایک گمنام اطلاع موصول ہو گی کہ آپ کا ممکنہ طور پر مرض سے سامنا ہوا ہے۔ اس کی مدد سے آپ جلد از جلد ضروری نگہداشت وصول کر سکیں گے اور اپنے گرد موجود افراد میں کووڈ-19 پھیلانے سے گریز کر سکیں گے۔

یہ کیسے معاون ہو گا؟

تحقیقات سے معلوم ہوا کہ جتنے زیادہ افراد سامنا ہونے کی اطلاعات استعمال کریں گے، اتنا زیادہ فائدہ ہو گا۔ ریاست واشنگٹن کی تین کاؤنٹیز پر مبنی نمونوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہاں موجود افراد کی قلیل تعداد کے WA Notify استعمال کرنے سے بھی مرض کے پھیلاؤ اور اموات میں کمی آئے گی۔ ماسکس، جسمانی فاصلے اور مجمع کی تعداد کم رکھنے کی طرح WA Notify بھی کووڈ-19 کے پھیلاؤ کے انسداد کا ایک طریقہ ہے۔

میری پرائیویسی کی حفاظت کیسے کی جاتی ہے؟

WA Notify گوگل ایپل سامنا ہونے کی اطلاعات کی ٹیکنالوجی پر مبنی ہے، جسے صارفین کی پرائیویسی کے تحفظ کے لئے تیار کیا گیا تھا۔ سسٹم مقام سے متعلق کوئی ڈیٹا اکٹھا نہیں کرتا اور نہ ہی گوگل، ایپل، ریاست واشنگٹن کے Department of Health (DOH) (شعبۂ صحت (DOH)) یا دیگر صارفین سے اس کا اشتراک کرتا ہے۔ شرکت مکمل طور پر آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ صارفین کسی بھی وقت اس میں شامل یا خارج ہو سکتے ہیں۔

میں اپنے فون میں WA Notify کیسے حاصل کروں؟

آئی فون پر، سیٹنگز میں جا کر سامنا ہونے کی اطلاعات چلانے کی اجازت دیں: - سیٹنگز میں جائیں - سامنا ہونے کی اطلاعات (ایکسپوژر نوٹیفیکیشنز) تک اسکرول کریں - "سامنا ہونے کی اطلاعات آن کریں" پر کلک کریں - ریاست ہائے متحدہ منتخب کریں - واشنگٹن منتخب کریں	**اینڈرائڈ فون پر:** - Google Play Store پر جائیں - Washington Exposure Notifications کی ایپ ڈاؤنلوڈ کریں

واشنگٹن نے اس حل کا انتخاب کیوں کیا؟

واشنگٹن نے ریاست کی نگرانی کے لئے ایک گروپ قائم کیا، جس میں سکیورٹی اور شہری آزادی کے ماہرین اور کئی کمیونٹیز کے ارکان شامل تھے، جنھوں نے ایپل/گوگل کے حل کا جائزہ لیا۔ پلیٹ فارم کی ثابت شدہ بھروسہ مندی، ڈیٹا کے مضبوط تحفظ اور دیگر ریاستوں میں استعمال کی بنیاد پر گروپ نے اس کے استعمال کی تجویز دی۔